آیئے پانچ پانچ گن کر پانچ کا پہاڑا لکھتے ہیں۔

| جمع کرنے سے | ضرب دینے سے | پڑھنے کا طریقہ |
|---|---|---|
| 5 | 1 x 5 = 5 | ایک پنجے پانچ |
| 5+5 | 2 x 5 = 10 | دو پنجے دس |
| 5+5+5 | 3 x 5 = 15 | تین پنجے پندرہ |
| 5+5+5+5 | 4 x 5 = 20 | چار پنجے بیس |
| 5+5+5+5+5 | 5 x 5 = 25 | پانچ پنجے پچیس |
| 5+5+5+5+5+5 | 6 x 5 = 30 | چھ پنجے تیس |
| 5+5+5+5+5+5+5 | 7 x 5 = 35 | سات پنجے پینتیس |
| 5+5+5+5+5+5+5+5 | 8 x 5 = 40 | آٹھ پنجے چالیس |
| 5+5+5+5+5+5+5+5+5 | 9 x 5 = 45 | نو پنجے پینتالیس |
| 5+5+5+5+5+5+5+5+5+5 | 10 x 5 = 50 | دس پنجے پچاس |




**سرگرمی** پانچ کا پہاڑا مکمل کیجیے۔

| X | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 5 | 5 | | | | | | | | | |

# مشق 17

**.1** عدد کو ضرب کر کے خالی جگہیں پُر کیجیے۔




| 1 | x 5 | 5 |
|---|---|---|
| 2 | | |
| 3 | | |
| 4 | | |
| 5 | | |
| 6 | | |
| 7 | | |
| 8 | | |
| 9 | | |
| 10 | | |

**.2** خالی جگہیں پُر کیجیے۔



**1.** $7 \times 5 =$ ☐　　**2.** $4 \times 5 =$ ☐

**3.** $3 \times 5 =$ ☐　　**4.** $9 \times 5 =$ ☐

**5.** $2 \times 5 =$ ☐　　**6.** $8 \times 5 =$ ☐

**.3** مندرجہ ذیل کے جوابات دیجیے۔

**.1** دونوں ہاتھوں میں کتنی انگلیاں ہیں؟ ☐　　**.2** پانچ ہاتھوں میں کتنی انگلیاں ہیں؟ ☐

**.3** چار ہاتھوں میں کتنی انگلیاں ہیں؟ ☐　　**.4** سات ہاتھوں میں کتنی انگلیاں ہیں؟ ☐

**.5** ایک خاندان میں پانچ افراد ہوں تو ایسے آٹھ خاندانوں میں کتنے افراد ہوں گے؟ ☐

**.6** ایک پھول کی پانچ پتیاں ہوں تو ایسے نو پھولوں کی کتنی پتیاں ہوں گی؟ ☐

## 21. دس دس کر کے گننا




یہاں ہم نے اعداد کو دس دس کر کے گِنا ہے۔ یعنی 10، 20، 30، 40، 50 وغیرہ

**سرگرمی** دس دس گن کر 100 تک اعداد لکھیے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 10 | 20 | | | 50 | | | 80 | | |



## 22. دس کا پہاڑا

آیئے دس دس گِن کر دس کا پہاڑا لکھتے ہیں۔

| جمع کرنے سے | ضرب دینے سے | پڑھنے کا طریقہ |
|---|---|---|
| 10 | 1 x 10 = 10 | ایک دہائی دس |
| 10+10 | 2 x 10 = 20 | دو دہائی بیس |
| 10+10+10 | 3 x 10 = 30 | تین دہائی تیس |
| 10+10+10+10 | 4 x 10 = 40 | چار دہائی چالیس |
| 10+10+10+10+10 | 5 x 10 = 50 | پانچ دہائی پچاس |
| 10+10+10+10+10+10 | 6 x 10 = 60 | چھ دہائی ساٹھ |
| 10+10+10+10+10+10+10 | 7 x 10 = 70 | سات دہائی ستر |
| 10+10+10+10+10+10+10+10 | 8 x 10 = 80 | آٹھ دہائی اسّی |
| 10+10+10+10+10+10+10+10+10 | 9 x 10 = 90 | نو دہائی نوے |
| 10+10+10+10+10+10+10+10+10+10 | 10 x 10 = 100 | دس دہائی سو |

**سرگرمی** دس کا پہاڑا مکمل کیجیے۔

| X | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 10 | 10 | | 30 | | 50 | | | | | |



## مشق 18

خالی جگہیں پُر کیجیے۔

1. 3 x 10 = ☐

2. 4 x 10 = ☐

3. 6 x 10 = ☐

4. 5 x 10 = ☐



5. 2 x 10 = ☐

6. 9 x 10 = ☐

7. 8 x 10 = ☐

8. 7 x 10 = ☐

مندرجہ ذیل کے جوابات دیجیے۔

9. ایک گاڑی میں چار پہیے ہیں۔ ایسی دس گاڑیوں میں کتنے پہیے ہوں گے؟ ☐

10. ایک بچے کی دس انگلیاں ہیں۔ چار بچوں کی کتنی انگلیاں ہوں گی؟ ☐




11. ایک قطار میں دس بطخیں ہیں۔ ایسی پانچ قطاروں میں کتنی بطخیں ہوں گی؟ ☐

12. ایک پودے میں دس پھول ہیں۔ ایسے 8 پودوں میں کتنے پھول ہوں گے؟ ☐

13. ایک خاندان میں دس افراد ہیں۔ ایسے دس خاندانوں میں کتنے افراد ہوں گے؟ ☐

## 23. اعداد کی 2، 5 اور 10 سے ضرب




مثال 1 : حل کیجیے۔ 2 x 3

حل : 2 x 3 کو اس طرح بھی لکھتے ہیں۔

$$\begin{array}{r} 3 \\ \times\ 2 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

اب 3 کو 2 سے ضرب دینے کے لیے 2 کا پہاڑا 3 تک پڑھنے سے 6 حاصل ہوا۔

لہٰذا 6 = 2 x 3 یا

$$\begin{array}{r} 3 \\ \times\ 2 \\ \hline 6 \\ \hline \end{array}$$

مثال 2 : حل کیجیے۔ 5 x 21

حل :



| دہائی | اکائی |
|---|---|
| 2 | 1 |
| x | 5 |
| 10 | 5 |

یہاں پہلے 1 اکائی کو 5 سے ضرب دینے سے 5 حاصل ہوا۔

پھر 2 دہائیوں کو 5 سے ضرب دینے سے 10 حاصل ہوا۔

مثال 3 : حل کیجیے۔ 10 x 4

حل :



| دہائی | اکائی |
|---|---|
| | 4 |
| x 1 | 0 |
| 4 | 0 |

4 کو 10 سے ضرب دینے کے لیے 10 کا پہاڑا 4 تک پڑھنے سے 40 حاصل ہوا۔

### مشق 19

حل کیجیے۔

1. 3 x 2 = ☐
2. 6 x 2 = ☐
3. 12 x 2 = ☐
4. 2 x 5 = ☐
5. 8 x 5 = ☐
6. 2 x 10 = ☐
7. 7 x 10 = ☐
8. 9 x 10 = ☐

# تقسیم کا عمل

## 24. تقسیم کا تصور

**سرگرمی** اگر ہر بچے کو دو ٹافیاں ملیں تو 6 ٹافیاں کتنے بچوں میں تقسیم کی جاسکتی ہیں؟



6 ٹافیوں میں سے 2 پہلے بچے کو دیں۔

$$\begin{array}{r} 6 \\ -\ 2 \\ \hline 4 \\ \hline \end{array}$$

4 ٹافیاں بچیں

باقی $6 - 2 = 4$



4 ٹافیوں میں سے 2 دوسرے بچے کو دیں۔

$$\begin{array}{r} 4 \\ -\ 2 \\ \hline 2 \\ \hline \end{array}$$


2 ٹافیاں بچیں

باقی $4 - 2 = 2$



2 ٹافیوں میں سے 2 تیسرے بچے کو دیں۔

$$\begin{array}{r} 2 \\ -\ 2 \\ \hline 0 \\ \hline \end{array}$$



0 کوئی بھی ٹافی نہیں بچی

باقی $2 - 2 = 0$

یہاں ہم نے دیکھا کہ 6 میں سے 2 تین بار تفریق کیا جاسکتا ہے۔

اس لیے 6 ٹافیاں 3 بچوں میں برابر تقسیم ہوئیں۔



علامات میں اس عمل کو اس طرح لکھتے ہیں : $6 \div 2 = 3$

اور پڑھتے ہیں : "6 تقسیم 2 برابر 3"

"$\div$" تقسیم کی علامت ہے۔

اس سوال کو اس طرح بھی حل کر سکتے ہیں۔

2 کا پہاڑا وہاں تک پڑھیں کہ 6 حاصل ہوجائے۔

کیونکہ $3 \times 2 = 6$ لہٰذا $6 \div 2 = 3$

**اس مثال سے یہ واضح ہوا کہ تقسیم ضرب کا اُلٹ عمل ہے۔**

**سرگرمی** نیچے دیئے گئے سوالات بار بار تفریق کرنے کے عمل سے حل کیجیے۔

سوال 1 : دس پھولوں کو 2 بچوں میں برابر تقسیم کیجیے۔ ہر بچے کو کتنے ملے؟

حل : $10 \div 2 = 5$

جواب : ہر بچے کو ☐ پھول ملے۔

سوال 2 : 20 ٹافیاں 5 بچوں میں برابر تقسیم کیجیے۔ ہر ایک کو کتنی ملیں؟

جواب : ہر ایک کو ☐ ٹافیاں ملیں۔

سوال 3 : 30 پینسلیں 10 لڑکیوں میں برابر تقسیم کرنے سے

سے ہر لڑکی کو کتنی پینسلیں ملیں گی؟

جواب : ہر لڑکی کو ☐ پینسلیں ملیں۔

**اپنے سوالات یہاں حل کیجیے۔**

| سوال 1 | سوال 2 | سوال 3 |
|---|---|---|
| 10<br>− 2<br>8<br>− 2<br>6<br>− 2<br>4<br>− 2<br>2<br>− 2<br>0 | 20<br>− 5 | 30<br>−10 |


## مشق 20

حل کیجیے۔

1. $20 \div 5 =$ ☐
2. $40 \div 10 =$ ☐
3. $18 \div 2 =$ ☐
4. $30 \div 5 =$ ☐
5. $50 \div 10 =$ ☐
6. $16 \div 2 =$ ☐
7. $80 \div 10 =$ ☐
8. $45 \div 5 =$ ☐


9. 15 گیندیں 5 بچوں میں برابر تقسیم کریں؟

جواب : $15 \div 5 =$ ☐



ہر بچے کو ☐ گیندیں ملی ہیں۔

**10.** **14** گیندیں **2** بچوں میں برابر تقسیم کریں؟



جواب : $14 \div 2 =$ ☐

ہر بچے کو ☐ گیندیں ملی ہیں۔

## 25. پہاڑوں کی مدد سے تقسیم کرنا

مثال 1: ایک سالگرہ میں **10** بچوں میں **30** غبارے تقسیم ہوئے۔ ہر بچے کو کتنے غبارے ملے؟

حل : یہاں پر ہم **30** کو **10** سے تقسیم کرتے ہیں۔

ہم جانتے ہیں کہ تقسیم کا عمل ضرب کے عمل کا الٹ ہے لہٰذا **10** کا پہاڑا وہاں تک پڑھیں کہ ہمیں **30** حاصل ہو۔

کیونکہ $3 \times 10 = 30$

اس لیے $30 \div 10 = 3$

لہٰذا ہر بچے کو **3** غبارے ملے۔

مثال 2: حل کیجیے۔ $12 \div 2 =$ ☐

حل : کیونکہ $6 \times 2 = 12$

اس لیے $12 \div 2 = 6$

مثال 3: حل کیجیے۔ $35 \div 5 =$ ☐

حل : کیونکہ $7 \times 5 = 35$

اس لیے $35 \div 5 = 7$





## مشق 21

خالی خانوں میں مطلوبہ اعداد لکھیے۔

**1.**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 10 | ÷ | 2 | = | ☐ |
| 5 | x | 2 | = | 10 |



**2.**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 15 | ÷ | 5 | = | 3 |
| 3 | x | 5 | = | ☐ |

**3.**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 16 | ÷ | 2 | = | 8 |
| ☐ | x | ☐ | = | 16 |



**4.**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 20 | ÷ | ☐ | = | 4 |
| 4 | x | 5 | = | 20 |

**5.**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 40 | ÷ | 5 | = | 8 |
| ☐ | x | ☐ | = | 40 |



**6.**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 70 | ÷ | ☐ | = | 7 |
| 7 | x | 10 | = | 70 |

حل کیجیے۔

7. 30 ÷ 5 = ☐

8. 14 ÷ 2 = ☐

9. 10 ÷ 2 = ☐

10. 15 ÷ 5 = ☐

11. 16 ÷ 2 = ☐

12. 50 ÷ 10 = ☐

13. 50 ÷ 5 = ☐

14. 90 ÷ 10 = ☐


15. 20 ÷ 2 = ☐

16. 50 ÷ 5 = ☐




# پیمائش کے پیمانے








## 1. لمبائی کی پیمائش

ہم پچھلی جماعت میں لمبائی کی پیمائش مختلف پیمانوں مثلاً بالشت، قدم، پینسل، دھاگا وغیرہ کی مدد سے سیکھ چکے ہیں۔ ان پیمانوں کی مدد سے کسی چیز کی بالکل صحیح پیمائش نہیں ہوسکتی۔


ایک قدم


پاؤں



بازو


بالشت

اس لیے ہم لمبائی کی پیمائش کے لیے ایسے پیمانے استعمال کرتے ہیں جن کی مدد سے بالکل صحیح پیمائش معلوم کی جا سکے۔


# لمبائی کی پیمائش کی اکائی میٹر ہے

میٹر لمبائی ناپنے کا معیاری پیمانہ ہے۔ جس کی مدد سے ہم کپڑا، فاصلہ وغیرہ ناپتے ہیں۔



ایک میٹر 100 حصوں میں تقسیم ہوتا ہے ہر حصہ کو سینٹی میٹر کہتے ہیں۔

**1 میٹر = 100 سینٹی میٹر**



**سرگرمی** دروازہ، کتابوں کی الماری اور بلے کی پیمائش کیجیے۔

دروازہ کی لمبائی ________ میٹر ہے۔

بلے کی لمبائی ________ میٹر ہے۔

کتابوں کی الماری کی لمبائی ________ میٹر ہے۔

میری کتاب کی لمبائی ________ سینٹی میٹر ہے۔

میری پینسل کی لمبائی ________ سینٹی میٹر ہے۔

**سرگرمی** جو چیز 1 میٹر سے زیادہ لمبی ہے اس پر نشان (✓) لگائیے۔



| | | | |
|---|---|---|---|
| اسکول کی بس کی لمبائی | ☐ | آپ کا اپنا قد | ☐ |
| کتاب کی لمبائی | ☐ | آپ کے استاد کا قد | ☐ |
| کمرہ جماعت کی اونچائی | ☐ | پینسل کی لمبائی | ☐ |
| پانی کے گلاس کی اونچائی | ☐ | بینچ کی لمبائی | ☐ |

**ہدایت برائے اساتذہ:** بچوں کو معیاری اکائیوں کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔ بچوں کو ایک میٹر اسکیل لاکر کلاس میں دکھائیں اور اس پر لگے نشانات دکھائیں۔



## 2. میٹر اور سینٹی میٹر کی جمع و تفریق

میٹر اور سینٹی میٹر کو اعداد کی طرح جمع و تفریق کیا جاتا ہے۔

مثلاً

1.
 11 سینٹی میٹر
+33 سینٹی میٹر
 44

2.
 25 سینٹی میٹر
−12 سینٹی میٹر
 13

3.
 38 سینٹی میٹر
+11 سینٹی میٹر
 49

## مشق 22

حل کیجیے۔

1.
 12 میٹر
+13 میٹر
____

2.
 14 میٹر
+25 میٹر
____

3.
 23 میٹر
+43 میٹر
____

4.
 72 میٹر
+27 میٹر
____

5.
 82 میٹر
−32 میٹر
____

6.
 58 میٹر
−24 میٹر
____

7.
 44 سینٹی میٹر
−22 سینٹی میٹر
____

8.
 19 سینٹی میٹر
− 2 سینٹی میٹر
____

9.
 38 میٹر
+31 میٹر
____

10.
 25 سینٹی میٹر
+13 سینٹی میٹر
____

11.
 55 سینٹی میٹر
+24 سینٹی میٹر
____

12.
 97 میٹر
−02 میٹر
____

**13.**

| | |
|---|---|
| 6 7 | سینٹی میٹر |
| 3 4 − | سینٹی میٹر |
| ____ | |

**14.**

| | |
|---|---|
| 4 8 | سینٹی میٹر |
| 3 7 − | سینٹی میٹر |
| ____ | |

**15.**

| | |
|---|---|
| 5 9 | سینٹی میٹر |
| 5 8 − | سینٹی میٹر |
| ____ | |

## 3. لمبائی کی اکائیوں پر مشتمل عبارتی سوالات

### مشق 23

1. سلیم صاحب کی بیگم نے اپنی بیٹی کے لیے ایک میٹر کپڑا خریدا اور اپنے لیے 3 میٹر کپڑا خریدا۔ انھوں نے کُل ملا کر کتنا کپڑا خریدا؟



حل :

| | | |
|---|---|---|
| بیٹی کے لیے کپڑا | 1 | میٹر |
| اپنے لیے کپڑا | 3 + | میٹر |
| کُل کپڑا | 4 | میٹر |

2. فرح کی کتابوں کی الماری کی لمبائی 2 میٹر ہے۔ اس نے ایک اور الماری اس کے ساتھ رکھی جس کی لمبائی 1 میٹر ہے۔ سب کو ملا کر کتابوں کی الماری کی لمبائی کتنی ہوئی؟



حل :

| | | |
|---|---|---|
| ایک الماری کی لمبائی | 2 | میٹر |
| دوسری الماری کی لمبائی | 1 + | میٹر |
| کُل لمبائی | 3 | میٹر |

3. مریم کے پاس 16 میٹر کپڑا تھا۔ اس میں سے 6 میٹر کپڑے کا لباس تیار کیا۔ بتایئے مریم کے پاس کتنا کپڑا باقی بچا؟

حل :

| | | |
|---|---|---|
| کُل کپڑا | 16 | میٹر |
| استعمال ہوا | 6 − | میٹر |
| باقی | 10 | میٹر |

**4.** مقررہ وقت میں ایک لڑکا 25 میٹر دوڑتا ہے جب کہ دوسرا لڑکا 21 میٹر دوڑتا ہے۔ ان کے طے کردہ فاصلوں میں فرق معلوم کیجیے۔



حل :

| | | |
|---|---|---|
| پہلے لڑکے نے طے کیا | 2 5 | میٹر |
| دوسرے لڑکے نے طے کیا | − 2 1 | میٹر |
| فرق | ______ | میٹر |

**5.** حنا نے 16 سینٹی میٹر لمبا ربن خریدا۔ اس کی بہن نے اس کو 20 سینٹی میٹر لمبا ربن اور دیا۔ بتایئے حنا کے پاس کُل کتنا رِبن ہوا؟

**6.** سارہ کی پینسل 16 سینٹی میٹر لمبی ہے اور ندا کی پینسل 14 سینٹی میٹر لمبی ہے۔ دونوں کی کُل پیمائش کیا ہوگی۔

**7.** امجد اور اس کی بہن کی پینسلوں کی لمبائی 11 سینٹی میٹر اور 14 سینٹی میٹر ہے۔ دونوں کی پینسلوں کی لمبائیوں میں فرق معلوم کیجیے۔


## 4. گنجائش کی پیمائش

گنجائش کی پیمائش کی معیاری اکائی لیٹر ہے۔

لیٹر کے پیمانے کی مدد سے کسی بھی مائع مثلاً دودھ، پانی، تیل وغیرہ کو ناپتے ہیں۔

ایک دودھ والا ایک لیٹر جگ کو دودھ کی پیمائش کے لیے استعمال کرتا ہے۔

گنجائش کی پیمائش کے پیمانے



**سرگرمی** ایک لیٹر جگ لیں اور معلوم کریں کہ ان برتنوں میں کتنا پانی آ سکتا ہے۔



## 5. گنجائش کی اکائیوں کی جمع و تفریق پر مشتمل سوالات

### مشق 24

حل کیجیے۔

1.
22 لیٹر
+15 لیٹر
____

2.
53 لیٹر
+16 لیٹر
____

3.
67 لیٹر
+42 لیٹر
____

4.
85 لیٹر
+13 لیٹر
____

5.
37 لیٹر
−15 لیٹر
____

6.
49 لیٹر
−27 لیٹر
____




7.
48 لیٹر
−26 لیٹر
____

8.
76 لیٹر
−44 لیٹر
____

9.
99 لیٹر
−55 لیٹر
____





**10.** احمد نے پانچ لیٹر پانی کو ایک بالٹی میں بھرا۔ عاصم نے چھ لیٹر پانی مزید بھرا۔ بتائیں کہ اب بالٹی میں کتنا پانی موجود ہے؟

**حل :**

| | | |
|---|---|---|
| پہلی مرتبہ | 5 | لیٹر |
| دوسری مرتبہ | + 6 | لیٹر |
| کُل | 11 | لیٹر |

**11.** پہلے دن ٹینک کے سوراخ میں سے **10** لیٹر پانی ضائع ہوا۔ اگر دوسرے دن **5** لیٹر پانی ضائع ہوا ہو تو بتائیں کہ کتنا لیٹر پانی ضائع ہوا؟

**حل :**

| | | |
|---|---|---|
| پہلے دن | | لیٹر |
| دوسرے دن | | لیٹر |
| کُل | | لیٹر |

**12.** رمضان میں علی نے دو لیٹر شربت کی بوتل اپنے گھر کے لیے خریدی۔ اس نے ایک لیٹر مزید اپنے مہمانوں کے لیے خریدا۔ بتائیں کہ اس نے کتنے لیٹر شربت خریدا؟

**حل :**

| | | |
|---|---|---|
| | | لیٹر |
| | | لیٹر |
| کُل | | لیٹر |

**13.** دودھ والے نے پانچ لیٹر دودھ ندیم صاحب کو بیچا اور **8** لیٹر دودھ سلیم صاحب کو بیچا۔ بتائیے کہ اس نے سلیم صاحب کو کتنا زیادہ دودھ فروخت کیا؟

**حل :**

| | | |
|---|---|---|
| | | لیٹر |
| | | لیٹر |
| فرق | | لیٹر |

**ہدایات برائے اساتذہ:** عبارتی سوالات کو بچوں سے پڑھوائیں۔ حل شدہ مثال کو بورڈ پر وضاحت سے سمجھائیں۔ بچوں کو کہیں کہ اب کتاب کی مشق کو حل کریں۔



## 6. وزن (کمیت) کی پیمائش

ہم ہلکے اور بھاری کے بارے میں پہلی جماعت میں پڑھ چکے ہیں۔

**سرگرمی** ہلکا اور بھاری صحیح جگہ پر لکھیں۔

.................. ہے ۔ سے۔

.................. ہے ۔ سے۔

.................. ہے ۔ سے۔

.................. ہے ۔ سے۔

**کمیت کی معیاری اکائی کلوگرام ہے۔**

آپ نے دوکانداروں کو مندرجہ ذیل پیمانوں کی مدد سے مختلف اشیاء کو تولتے ہوئے ضرور دیکھا ہوگا۔

ان کا کُل وزن کتنا ہے؟

الف) کلوگرام 3 = 1 + 2

ج) کلوگرام __ = __ + __ + __


ب) کلوگرام __ = __ + __ + __

د) کلوگرام __ = __ + __

# 7. کمیت کی اکائیوں پر مشتمل عبارتی سوالات

## مشق 25


**1.** کاشف نے **3** کلوگرام سبزیاں، **4** اور کلوگرام پھل خریدے۔ اس نے کُل کتنے کلوگرام چیزیں خریدیں؟



حل :

| | | |
|---|---|---|
| سبزیاں | 3 | کلوگرام |
| پھل | 4 + | کلوگرام |
| کُل وزن | ____ | کلوگرام |

**2.** مریم نے **12** کلوگرام کے پرانے رسالے اور **43** کلوگرام کے اخبارات بیچے۔ اس نے کُل کتنے کلوگرام کی چیزیں بیچیں؟



حل :

| | | |
|---|---|---|
| پرانے رسالے | 1 2 | کلوگرام |
| پرانے اخبارات | 4 3 + | کلوگرام |
| کُل وزن | ____ | کلوگرام |

**3.** ایک دوکاندار نے **44** کلوگرام چینی ایک ہفتے میں بیچی اور **55** کلوگرام دوسرے ہفتے میں بیچی۔ اس نے دوسرے ہفتے میں کتنی زیادہ چینی بیچی؟



| | | |
|---|---|---|
| دوسرے ہفتے | 5 5 | کلوگرام |
| پہلے ہفتے | 4 4 – | کلوگرام |
| کُل | ____ | کلوگرام |

**4.** عارف کا وزن **35** کلوگرام اور سارہ کا وزن **23** کلوگرام ہے۔ دونوں بچوں کے وزن میں کتنا فرق ہے؟



حل :

| | | |
|---|---|---|
| عارف کا وزن | 3 5 | کلوگرام |
| سارہ | 2 3 – | کلوگرام |
| فرق | ____ | کلوگرام |




# پاکستانی کرنسی



## 1. پاکستانی کرنسی نوٹ

پچھلی جماعت میں آپ پاکستانی سکوں، **5**، **10**، **50** اور **100** روپے کے نوٹوں کے بارے میں پڑھ چکے ہیں۔ اس جماعت میں ہم پاکستانی کرنسی کے بارے میں مزید پڑھیں گے۔

یہ **500** روپے کا نوٹ ہے۔







یہ **1000** روپے کا نوٹ ہے۔






**سرگرمی** نیچے دی گئی تصویروں میں نوٹوں کی کُل مالیت لکھیں۔





روپے



روپے



روپے



روپے

## 2. پاکستانی کرنسی پر مشتمل عبارتی سوالات

مثال 1: سارہ کے پاس **100** روپے ہیں اس کے باپ نے اس کو **50** روپے اور دیے۔ اس کے پاس کُل کتنے روپے ہو گئے۔




حل:

| | | |
|---|---|---|
| سارہ کے پاس | 100 | روپے |
| اس کے والد نے دیے | + 50 | روپے |
| کُل | 150 | روپے |

سارہ کے پاس کُل **150** روپے ہیں۔

**سرگرمی** مندرجہ ذیل کی قیمت کتنی ہے؟




1. جوتا 200 روپے
   کپڑے +300 روپے
   ______

2. اسکول کا بستہ 350 روپے
   کھلونے +225 روپے
   ______

3. کتابیں 475 روپے
   کاپیاں +150 روپے
   ______

4. کھلونے 225 روپے
   جوتے +200 روپے
   ______

مندرجہ ذیل کی قیمتوں میں فرق معلوم کیجیے۔


5. کپڑے 300 روپے
   جوتے −200 روپے
   ______

6. کتابیں 475 روپے
   اسکول کا بستہ −350 روپے
   ______

## مشق 26

مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجیے:

1. عامر کے پاس 50 روپے تھے۔ اس نے اپنی ماں کو 20 روپے دیے۔ اب اس کے پاس کتنے باقی بچے؟
2. میرے پاس 500 روپے تھے۔ میں نے 400 روپے کا جوتا خریدا۔ میرے پاس کتنے روپے باقی ہیں؟
3. معاذ نے ایک کتاب 45 روپے کی خریدی، ایک اسکیل 2 روپے کا اور ایک پینسل 3 روپے کی خریدی۔ اس نے کُل کتنے روپے خرچ کیے؟
4. زینب کے پاس 100 روپے تھے۔ اس نے 20 روپے کا ایک کھلونا خریدا اور کچھ مٹھائیاں 10 روپے کی خریدیں۔ اب اس کے پاس کتنے روپے باقی ہیں؟
5. پیر کو صبا نے 100 روپے کے پانچ نوٹ خرچ کیے اور منگل کو 500 روپے کے دو نوٹ خرچ کیے۔ اس نے کُل روپے خرچ کیے؟
6. امین نے 1000 روپے کی ایک بائیسکل خریدی۔ اس نے صرف 650 روپے دیے۔ اب اس کو کتنے اور دینے ہیں؟
7. فرح نے 500 روپے پچھلے ہفتے بچائے اور 1200 روپے اس ہفتے۔ بتائیں اس نے کُل کتنے روپے بچائے؟
8. عثمان نے ایک کیمرہ 2000 روپے کا خریدا اور ایک ہاتھ کی گھڑی 250 روپے میں خریدی۔ اس نے کُل کتنے روپے خرچ کیے؟






# وقت



## 1. اعادہ


پہلی جماعت میں ہم گھنٹوں میں وقت بتانا سیکھ چکے ہیں۔ اب یہاں پر ہم آدھے اور سوا گھنٹے میں وقت بتانا سیکھیں گے۔

آیئے پہلے پچھلی جماعت میں کیے گئے کام کا اعادہ کرتے ہیں۔

ہم جانتے ہیں کہ ایک گھڑی پر ایک سے بارہ تک اعداد لکھے ہوتے ہیں۔ گھڑی میں دو سوئیاں ہوتی ہیں۔ بڑی سوئی منٹ کی سوئی کہلاتی ہے اور چھوٹی سوئی گھنٹے کی سوئی کہلاتی ہے۔


اس گھڑی میں **7** بجے ہیں۔

**سرگرمی** دی گئی گھڑیوں پر ظاہر کیے گئے وقت کو خالی خانوں میں لکھیے۔


3 بجے


بجے


بجے


بجے

**سرگرمی** دی گئی گھڑیوں پر ظاہر کیے گئے وقت کو خالی خانوں میں لکھیے۔



بجے



بجے




بجے




بجے

**سرگرمی** دی گئی گھڑیوں میں دیے گئے وقت کے مطابق گھنٹے کی سوئیاں بنائیے۔



6 بجے



4 بجے



3 بجے



8 بجے

## 2. آدھے گھنٹے کا تصور




اس گھڑی کو دیکھیے۔

گھنٹے کی سوئی **3** اور **4** کے درمیان ہے۔ منٹ کی سوئی **6** پر ہے۔


یعنی منٹ کی سوئی دائرے کا آدھا چکر مکمل کر چکی ہے۔

اس وقت اس گھڑی میں ساڑھے تین بجے ہیں۔



## مشق 27

**1.** دی گئی گھڑیوں کے مطابق وقت لکھیے۔




ساڑھے 7



ساڑھے ______



ساڑھے ______



ساڑھے ______



ساڑھے ______



ساڑھے ______




ساڑھے ______



ساڑھے ______


**2.** گھڑیوں کی سوئیاں نیچے دیے گئے وقت کے مطابق بنائیے۔




ساڑھے دس



ساڑھے سات




ساڑھے بارہ



ساڑھے چار

**ہدایات برائے اساتذہ:** بچوں کو ایک اصلی گھڑی دکھائیں۔ منٹ کی سوئی کو 6 پر رکھیں اور گھنٹے کی سوئی کی جگہ بدل بدل کر بچوں سے سوال کریں اور انھیں خود سمجھنے دیں۔ نیز بچوں کو بتائیں کہ جب ایک بج کر آدھا گھنٹا ہو جائے تو اس وقت کو "ڈیڑھ بجے" کہتے ہیں۔

## 3. سوا بجے کا تصور




اس گھڑی کو دیکھیے۔

منٹ کی سوئی **3** پر ہے۔


یعنی یہ **12** سے **3** تک دائرے کا چوتھائی چکر مکمل کر چکی ہے اور گھنٹے کی سوئی پانچ سے چھ کی جانب پانچ سے ذرا آگے تک آ گئی ہے۔

اس وقت اس گھڑی میں سوا پانچ بجے ہیں۔




### مشق 28


نیچے دی گئی گھڑیوں کے مطابق وقت لکھیے۔




سوا __1__




سوا ______




سوا ______




سوا ______




سوا ______



سوا ______




سوا ______



سوا ______

**ہدایات برائے اساتذہ:** بچوں کو ایک اصلی گھڑی دکھائیں۔ منٹ کی سوئی کو **3** پر رکھیں اور گھنٹے کی سوئی کی جگہ بدل بدل کر بچوں سے وقت معلوم کریں۔ نیز بچوں کو بتائیں کہ سوا ایک بجے کو صرف ''سوا'' کہتے ہیں۔

## 4. پون بجے کا تصور



اس گھڑی کو دیکھیے۔


منٹ کی سوئی 9 پر ہے اور گھنٹے کی سوئی آٹھ سے ذرا پیچھے ہے۔

یہاں منٹ کی سوئی 12 سے 9 تک دائرے کا تین چوتھائی یعنی پون چکر مکمل کر چکی ہے۔


اس وقت گھڑی میں "پونے آٹھ" بجے ہیں۔

### مشق 29


دی گئی گھڑیوں کو دیکھ کر وقت لکھیے۔




پونے 5




پونے ____




پونے ____




پونے ____




پونے ____



پونے ____



پونے ____



پونے ____

## 5. دن میں گھنٹوں کی تعداد

گھنٹے کی سوئی ایک چکر 12 گھنٹے میں مکمل کرتی ہے اور دن اور رات میں دو چکر مکمل کرتی ہے۔ یعنی

ایک دن میں 24 گھنٹے ہوتے ہیں۔

## 6. قمری اور شمسی سال





پاکستان میں دو طرح کے سال رائج ہیں:

قمری سال اور عیسوی سال

### قمری سال

قمری سال کو ہجری سال بھی کہتے ہیں۔ ہجری سال کا تعلق حضرت محمد ﷺ کی مکہ سے مدینہ ہجرت کے واقع سے ہے۔ اس لیے اس سال (کیلنڈر) کو ہجری سال کہتے ہیں۔

ہجری سال کا ہر مہینہ نیا چاند نظر آنے پر چاند رات سے شروع ہوتا ہے۔ ہر مہینہ **29** یا **30** دن کا ہوتا ہے۔

**قمری سال میں 12 مہینے ہوتے ہیں۔ ان کے نام مندرجہ ذیل ہیں:**

| | | |
|---|---|---|
| 1. محرم | 2. صفر | 3. ربیع الاوّل |
| 4. ربیع الثانی | 5. جمادی الاوّل | 6. جمادی الثانی |
| 7. رجب | 8. شعبان | 9. رمضان |
| 10. شوال | 11. ذیقعد | 12. ذوالحجہ |

## مثالی ہجری کیلنڈر

**محرم**

| ہفتہ | جمعہ | جمعرات | بدھ | منگل | پیر | اتوار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | 1 |
| 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
| 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 |
| 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 |

**صفر**

| ہفتہ | جمعہ | جمعرات | بدھ | منگل | پیر | اتوار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 |
| 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 |
| 28 | 29 | | | | | |

**ربیع الاوّل**

| ہفتہ | جمعہ | جمعرات | بدھ | منگل | پیر | اتوار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 |
| 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 |
| 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 |
| 27 | 28 | 29 | 30 | | | |

**ربیع الثانی**

| ہفتہ | جمعہ | جمعرات | بدھ | منگل | پیر | اتوار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 1 | 2 | 3 |
| 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 |
| 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 |
| 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

**جمادی الاوّل**

| ہفتہ | جمعہ | جمعرات | بدھ | منگل | پیر | اتوار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | 1 | 2 |
| 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
| 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 |
| 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 |
| 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

**جمادی الثانی**

| ہفتہ | جمعہ | جمعرات | بدھ | منگل | پیر | اتوار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 |
| 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 |
| 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 |
| 29 | | | | | | |

**رجب**

| ہفتہ | جمعہ | جمعرات | بدھ | منگل | پیر | اتوار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 |
| 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 |
| 28 | 29 | | | | | |

**شعبان**

| ہفتہ | جمعہ | جمعرات | بدھ | منگل | پیر | اتوار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 |
| 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 |
| 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 |
| 27 | 28 | 29 | 30 | | | |

**رمضان**

| ہفتہ | جمعہ | جمعرات | بدھ | منگل | پیر | اتوار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 1 | 2 | 3 |
| 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 |
| 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 |
| 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | | |

**شوال**

| ہفتہ | جمعہ | جمعرات | بدھ | منگل | پیر | اتوار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | 1 | 2 |
| 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
| 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 |
| 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 |
| 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |


**ذیقعد**

| ہفتہ | جمعہ | جمعرات | بدھ | منگل | پیر | اتوار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 |
| 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 |
| 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 |
| 29 | | | | | | |

**ذی الحجہ**

| ہفتہ | جمعہ | جمعرات | بدھ | منگل | پیر | اتوار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 |
| 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 |
| 28 | 29 | 30 | | | | |

## مشق 30



مندرجہ ذیل سوالات کے زبانی جواب دیجیے۔

1. ہجری سال کا پہلا مہینہ کون سا ہے؟
2. ہجری سال کا آخری مہینہ کون سا ہے؟
3. ہم کس مہینے میں روزے رکھتے ہیں؟
4. عید الفطر کس مہینے کی پہلی تاریخ کو آتی ہے؟
5. حج کس مہینے کی نو تاریخ کو ادا کیا جاتا ہے؟
6. نبی کریم ﷺ کس ہجری مہینے میں دُنیا میں تشریف لائے؟
7. عید الاضحیٰ کس مہینے میں آتی ہے؟
8. یوم عاشورہ کس مہینے میں آتا ہے؟

## شمسی سال

شمسی سال کو عیسوی سال بھی کہتے ہیں۔ اس کیلنڈر کا انحصار نظام شمسی پر ہے۔ عیسوی کیلنڈر کے مہینے 30 یا 31 دن کے ہوتے ہیں۔ سوائے فروری کے جس کے 28 یا 29 دن ہوتے ہیں۔

شمسی سال میں 12 مہینے ہوتے ہیں۔ ان کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | جنوری | 2. | فروری | 3. | مارچ |
| 4. | اپریل | 5. | مئی | 6. | جون |
| 7. | جولائی | 8. | اگست | 9. | ستمبر |
| 10. | اکتوبر | 11. | نومبر | 12. | دسمبر |






# مثالی شمسی کیلنڈر

### جنوری

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 1 | 2 | 3 |
| 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 |
| 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 |
| 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | 31 |

### فروری

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 |
| 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 |
| 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 |
| 29 | | | | | | |

### مارچ

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 |
| 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 |
| 28 | 29 | 30 | 31 | | | |

### اپریل

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 1 | 2 | 3 |
| 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 |
| 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 |
| 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | |

### مئی

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 30 | 31 | | | | | 1 |
| 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
| 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 |
| 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 |

### جون

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 |
| 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 |
| 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 |
| 27 | 28 | 29 | 30 | | | |

### جولائی

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 1 | 2 | 3 |
| 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 |
| 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 |
| 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | 31 |

### اگست

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 |
| 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 |
| 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 |
| 29 | 30 | 31 | | | | |

### ستمبر

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 |
| 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 |
| 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | | |

### اکتوبر

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 31 | | | | | 1 | 2 |
| 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
| 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 |
| 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 |
| 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

### نومبر

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 |
| 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 |
| 28 | 29 | 30 | | | | |

### دسمبر

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 |
| 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 |
| 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | 31 | |

## مشق 31


مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات عیسوی کیلنڈر کی مدد سے زبانی دیجیے۔





1. ایک سال میں کتنے مہینے ہوتے ہیں؟
2. سال کے مہینوں کے نام بتائیے۔
3. کس مہینے کے دن سب سے کم ہوتے ہیں؟
4. کن مہینوں کے **31** دن ہوتے ہیں؟
5. آپ کے سالانہ امتحانات کون سے مہینے میں ہوتے ہیں
6. گرمیوں کی چھٹیاں کون سے مہینوں میں ہوتی ہیں؟
7. کون سے مہینے کی چودہ تاریخ کو جشنِ آزادی منایا جاتا ہے۔
8. قائداعظمؒ کس مہینے کی **25** تاریخ کو پیدا ہوئے؟

یونٹ 6


# جیومیٹری







## 1. بند اور کھلی اشکال


نیچے دی گئی اشکال کو دیکھیے۔














یہ بند اشکال ہیں۔

اب ان اشکال کو دیکھیے۔










یہ کھلی اشکال ہیں۔

**سرگرمی** کھلی شکلوں پر (✓) نشان لگایئے اور بند شکلوں پر (✗) نشان لگایئے۔




## 2. حدود کا تصور

ہم جانتے ہیں کہ اشکال دو طرح کی ہوتی ہیں۔


بند اشکال اور کھلی اشکال

ہر بند شکل ایک لکیر سے گھری ہوئی ہوتی ہے جس سے اس شکل کا تعین ہوتا ہے۔ وہ لکیر جو بند شکل کا تعین کرتی ہے اس شکل کی ''حدود'' کہلاتی ہے اور حدود سے گھری ہوئی جگہ کو اس کا علاقہ کہتے ہیں۔

ذیل میں کچھ بند اشکال دکھائی گئی ہیں جن کی حدود کو سرخ رنگ کی لکیر سے ظاہر کیا گیا ہے۔




پہلی جماعت میں ہم مربع، مستطیل، دائرہ اور مثلث کے بارے میں پڑھ چکے ہیں جو کہ نیچے دی گئی ہیں۔



یہ تمام بند اشکال ہیں۔ ان کی حدود کو نیلے رنگ کی لکیر سے ظاہر کیا گیا ہے۔

**سرگرمی** نیچے دی گئی اشکال کی حدود پر ہاتھ پھیریے۔







## 3. اشکال کے اضلاع اور راس

| | |
|---|---|
| سامنے دی گئی شکل مثلث کی ہے۔ مثلث کے تین راس ہوتے ہیں۔ اور تین ضلعے ہوتے ہیں۔ | راس<br>ضلع |
| سامنے دی گئی شکل مستطیل کی ہے۔ مستطیل کے چار راس ہوتے ہیں اور چار ضلعے ہوتے ہیں۔ | راس<br>ضلع |
| سامنے دی گئی شکل مربع کی ہے۔ مربع کے چار راس ہوتے ہیں اور چار ضلعے ہوتے ہیں۔ | راس<br>ضلع |

## 4. اندرونہ اور بیرونہ کا تصور


| | |
|---|---|
| سامنے دی گئی شکل میں مستطیل ، مربع کے بیرونے میں ہے اور مثلث مربع کے اندرونے میں ہے۔ | |
| سامنے دی گئی شکل میں مربع ، مثلث کے اندرونے میں اور مستطیل ، مثلث کے بیرونے میں ہے۔ | |
| سامنے دی گئی شکل میں مثلث، مستطیل کے اندرونے میں اور مربع ، مستطیل کے بیرونے میں ہے۔ | |

**سرگرمی** ہر شکل کے اندر والی شکل میں سرخ اور باہر والی شکل میں نیلا رنگ بھریے۔







## 5. دائرے کے اندرونے اور بیرونے کا تصور

دائرے کے اندر مثلث کی شکل ہے اور باہر مربع کی شکل ہے۔ یعنی مثلث دائرے کے اندرونے میں اور مربع دائرے کے بیرونے میں ہے۔




اس شکل میں مربع دائرے کے اندرونے میں اور مستطیل بیرونے میں ہے۔




**سرگرمی** مندرجہ ذیل اشکال کو دیکھ کر خالی جگہیں پُر کیجیے۔

________ دائرے کے اندرونے میں ہے




________ دائرے کے بیرونے میں ہے۔



مستطیل دائرے کے ________ میں ہے اور مثلث دائرے کے ________ میں ہے۔



**سرگرمی** ہر شکل میں دائرہ کے اندر والی شکل میں نیلا اور باہر والی شکل میں سبز رنگ بھریے۔




# گراف



## 1. تصویری گراف پڑھنا

**مثال 1 :** پہلی قطار میں **12** لڑکے اور دوسری قطار میں **8** لڑکیاں کھڑی ہیں۔ یہ معلومات تصویروں کی مدد سے اس طرح دکھائی جاسکتی ہیں۔

پہلی قطار



دوسری قطار



یہاں دونوں قطاروں میں ہر تصویر ایک لڑکا اور ایک لڑکی کو ظاہر کرتی ہے۔ تصویروں کو گن کر یہ بتا سکتے ہیں کہ کتنے لڑکے اور کتنی لڑکیاں ہیں۔ یہ معلومات مختصراً اس طرح بھی دکھائی جاسکتی ہیں۔

جب کہ

ظاہر کرتی ہے دو لڑکوں کو

اور

ظاہر کرتی ہے دو لڑکیوں کو

پہلی قطار



دوسری قطار



اس کو تصویری گراف کہتے ہیں۔

**سرگرمی** یہ تصویری گراف فارم میں موجود جانوروں کی تعداد ظاہر کرتا ہے۔

گائیں


بکریاں


گھوڑے


اونٹ




 ظاہر کرتی ہے **10** گائیں

 ظاہر کرتا ہے **5** اونٹ

 ظاہر کرتی ہیں **5** بکریاں

 ظاہر کرتا ہے **2** گھوڑے

مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔

| | |
|---|---|
| **.1** فارم میں کتنی گائیں ہیں؟ | 4 x 10 = **40** |
| **.2** فارم میں کتنی بکریاں ہیں؟ | 6 x 5 = |
| **.3** فارم میں کتنے گھوڑے ہیں؟ | 5 x 2 = |
| **.4** فارم میں کتنے اونٹ ہیں؟ | 4 x 5 = |

## مشق 32

**1.** مرغی کی دوکان کی ایک ہفتے کی فروخت مندرجہ ذیل تصویری گراف میں دکھائی گئی ہے۔

یہاں 5 مرغیوں کو ظاہر کرتی ہے۔

| | |
|---|---|
| پیر | |
| منگل | |
| بدھ | |
| جمعرات | |
| جمعہ | |
| ہفتہ | |
| اتوار | |

تصویری گراف کی مدد سے نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیجیے۔



**1.** منگل کو کتنی مرغیاں فروخت ہوئیں؟

**2.** بدھ کو کتنی مرغیاں فروخت ہوئیں؟

**3.** جمعہ کو کتنی مرغیاں فروخت ہوئیں؟

**4.** کس دن سب سے زیادہ مرغیاں فروخت ہوئیں؟

**5.** کس دن سب سے کم مرغیاں فروخت ہوئیں؟

**6.** پورے ایک ہفتے میں کتنی مرغیاں فروخت ہوئیں؟

**2.** نیچے دیا گیا گراف سعیدہ کے ہر مضمون میں حاصل کردہ نمبروں کو ظاہر کرتا ہے۔

| معاشرتی علوم | اردو | ریاضی | انگلش | سائنس | اسلامیات |
|---|---|---|---|---|---|
| 💎💎💎💎💎 | 💎💎💎💎💎💎 | 💎💎💎💎💎💎💎💎 | 💎💎💎💎💎 | 💎💎💎💎💎💎💎 | 💎💎💎💎💎💎💎💎 |

یہاں ایک 💎 دس نمبروں کو ظاہر کرتا ہے۔

تصویری گراف کی مدد سے نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیجیے۔



**1.** اُس نے اسلامیات میں کتنے نمبر حاصل کیے؟ ☐

**2.** اس نے سائنس میں کتنے نمبر حاصل کیے؟ ☐

**3.** اس نے انگلش میں کتنے نمبر حاصل کیے؟ ☐

**4.** اس نے ریاضی میں کتنے نمبر حاصل کیے؟ ☐

**5.** اس نے اردو میں کتنے نمبر حاصل کیے؟ ☐

**6.** اس نے معاشرتی علوم میں کتنے نمبر حاصل کیے؟ ☐

**7.** کن مضامین میں اس نے برابر نمبر حاصل کیے؟ ☐

**3.** نیچے دیا گیا گراف پہلی تا پانچویں جماعتوں میں موجود کتابوں کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے۔

یہاں 📘 **10** کتابوں کو ظاہر کرتی ہے۔

| جماعت | کتابیں |
| --- | --- |
| پہلی جماعت | 📘 |
| دوسری جماعت | 📘📘📘 |
| تیسری جماعت | 📘📘📘📘 |
| چوتھی جماعت | 📘📘📘📘📘 |
| پانچویں جماعت | 📘📘📘📘 |

تصویری گراف دیکھیے اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔

**1.** پہلی جماعت میں کتنی کتابیں ہیں؟ ☐

**2.** دوسری جماعت میں کتنی کتابیں ہیں؟ ☐

**3.** تیسری جماعت میں کتنی کتابیں ہیں؟ ☐

**4.** چوتھی جماعت میں کتنی کتابیں ہیں؟ ☐


**5.** پانچویں جماعت میں کتنی کتابیں ہیں؟ ☐


**6.** سب سے کم کتابیں کس جماعت میں ہیں؟ ☐



**4.** مندرجہ ذیل گراف چڑیا گھر میں جانوروں کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے۔

یہاں ایک تصویر **2** جانور ظاہر کرتی ہے۔






گراف دیکھ کر مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔

**1.** کُل کتنے شیر ہیں؟ ☐

**2.** کُل ملا کر کتنے جانور ہیں؟ ☐

**3.** چڑیا گھر میں کون کون سے جانور ہیں؟ ☐ ☐ ☐ ☐ ☐ ☐


**4.** یہاں پر کتنے ہاتھی ہیں؟ ☐

**5.** سب سے زیادہ کون سے جانور ہیں؟ ☐

**6.** سب سے کم کون سا جانور ہے؟ ☐



**5.** نیچے دیا گیا گراف ایک کتب فروش کی ایک دن کی فروخت کو ظاہر کرتا ہے۔




یہاں 🖉 = 10 پینسلیں، ▭ = 5 سلیٹیں، 🖋 = 2 قلم

📘 = 5 کتابیں، دوات = 2 دواتیں

گراف دیکھ کر نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔



**1.** کُل کتنی کتابیں فروخت ہوئیں؟

**2.** کُل کتنی پینسلیں فروخت ہوئیں؟

**3.** کُل کتنی سلیٹیں فروخت ہوئیں؟

**4.** کُل کتنی سیاہی کی دواتیں فروخت ہوئیں؟

**5.** کون سی چیز سب سے زیادہ فروخت ہوئی؟



# قومي ترانو

پاڪ سرزمين شاد باد ڪِشورِ حسِين شاد باد
تو نشانِ عزم عالي شان ارضِ پاڪستان
مرڪز يقين شاد باد

پاڪ سرزمين ڪا نظام قُوّتِ اُخُوّتِ عوام
قوم، مُلڪ، سلطنت پائنده تا بِنده باد
شاد باد منزلِ مراد

پرچمِ ستاره و هلال رهبرِ ترقّي و ڪمال
ترجمانِ ماضي، شانِ حال جانِ اِستقبال
سايهٔ خدائي ذوالجلال

146553

سلسليوار نمبر



| | |
|---|---|
| | |
| Jan 2011 | ڇپجڻ جو مهينو ۽ سال |
| First | ڇاپو |
| 513011 | تعداد |
| Free | قيمت |